سوال

(305)اب وہ دن کو کتنی نماز پڑھے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی کا معمول ہے کہ وہ ایک وتر پڑھتا ہے، کسی وجہ سے وہ وتر نہیں پڑھ سکا، اب وہ دن کو کتنی نماز پڑھے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر صلاۃ اللیل مع وتر رہ گئی ہے تو سورج طلوع ہونے کے بعد زوال شمس سے پہلے پہلے بارہ رکعات ادا کرے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا ہی کیا کرتے تھے۔ 5 اور اگر صرف وتر رہ گیا ہے تو جب نیند سے اٹھے پہلے وتر پڑھے، پھر نمازِ فجر۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: ((مَنْ نَامَ عَنْ صَلَاةٍ أَوْ نَسِيَهَا فَلْيُصَلِّهَا إِذَا ذَكَرَهَا أَوِ اسْتَيْقَظَ)) 6[''جو نماز سے سوجائے یا بھول جائے، پس پڑھے جب یاد آئے یا بیدار ہو۔''] أو کما قال صلی اللہ علیہ وسلم))

5 ترمذی ابواب الصلاۃ باب اذا نام عن صلاتہ باللیل صلی بالنہار

6 ابوداؤد الصلاۃ باب فیمن نام عن الصلوۃ او نسیھا

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04